© rasailojaraid.com

# وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کے اجلاس

## منعقدہ ۲۹ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ مطابق ۴ دسمبر ۲۰۱۳ء کے اہم فیصلے

☆ سانحہ راولپنڈی کے حوالے سے دیگر جماعتوں کی مشاورت سے طے پانیوالے لائحہ عمل کے مطابق ''وفاق'' اپنی مساعی جاری رکھے گا۔ آئندہ اس طرح کے سانحات کے سدباب کے لئے ,,علماء دیوبند سپریم کونسل،، کا قیام عمل میں لایا گیا۔ جس کے پہلے سربراہ، امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانوی دامت برکاتہم العالیہ، متفقہ طور پر مقرر ہوئے۔ جبکہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان، جمیعت علماء اسلام، اہلسنت والجماعت اور دیوبند مسلک کی تمام سرکردہ جماعتوں کے سربراہان اس کونسل کے رکن ہوں گے۔ تمام جماعتیں اس کونسل کی فیصلوں پر عملدرآمد کی پابند ہوں گی۔

☆ وفاق المدارس کا عالمی اجتماع جو کہ 2014ء میں منعقد ہونا تھا، موجودہ ملکی صورت حال کے پیش نظر، مناسب وقت تک ملتوی کردیا گیا ہے۔

☆ وفاق المدارس کے سالانہ امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے لئے صوبائی سطح پر تقریبات منعقد ہوں گی۔ مرکزی پوزیشن ہولڈرز اور کشمیر وگلگت بلتستان کے پوزیشن ہولڈرز کی تقریب اسلام آباد میں ہوگی۔ ان تقریبات کی تفصیلات (تاریخ ومقام) طے کرنے کے لئے کمیٹیاں مقرر کردی گئی ہیں۔

☆ ثانویہ عامہ بنات کے دوسالہ عصری نصاب تعلیم کے بارے میں حتمی فیصلہ ہونے تک ثانویہ خاصہ سال اول بنات کا نصاب ہی (میٹرک پاس وغیر میٹرک طالبات کے لئے یکساں طور پر) ثانویہ عامہ بنات کا نصاب شمار ہوگا۔

☆ تجوید کے نصاب تعلیم پر تجوید کی نصاب کمیٹی دوبارہ غور کرے گی۔ تاہم تجوید للعلماء کے امتحان میں داخلے کے لئے وفاق کی ,,شہادۃ العالمیہ،، اور تجوید للحفاظ کے لئے وفاق کی ,,سند حفظ،، کی شرط برقرار رکھی گئی۔

☆ بنات کے اسناد کے معادلہ کا مسئلہ ایک عرصہ سے حل طلب تھا۔ مجلس عاملہ نے اصولی طور پر سابقہ فاضلات کا دیرینہ مسئلہ حل کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس سلسلہ میں وفاق کا ایک وفد ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے مجاز افسران سے ملاقات کرے گا۔

☆ وفاق کی مجلس عاملہ نے غیر ملکی دینی اداروں کا ,,وفاق،، کے ساتھ الحاق کرنے کے فیصلے کی توثیق کردی ہے۔ ان اداروں کے لئے نصاب تعلیم اور نظام امتحان کی تفصیلات طے کرنے کے لئے کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔

☆ طلبہ کی استعداد مضبوط بنانے کے لئے درجہ خامسہ کا امتحان وفاق کے تحت لینے پر غور کیا گیا۔ طے پایا کہ 1437ھ سے درجہ خامسہ کا امتحان ,,وفاق،، کے تحت ہوگا۔

© rasailojaraid.com